© rasailojaraid.com



## پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید رحمت

سابق ڈین فیکلٹی آف اسلامک لرننگ اسلامی یونیورسٹی۔ بھاول پور
پروفیسر شعبہ اسلامیات جامعہ سرگودھا۔

تحقیقات حدیث شائع کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ چھوٹے سے شہر سے اتنا کچھ شائع کرنا انتہائی حوصلہ افزا ہے۔ اگر آپ اسے صرف حدیث کے لئے مخصوص نہ کرتے تو مضامین حاصل کرنا آسان رہتا۔

## ملک نواز احمد اعوان

''تحقیقاتِ حدیث'' حدیث اور علم حدیث پر مشتمل کتابی سلسلہ ہے جو حضرت مولانا مفتی غلام قادر رحمۃ اللہ علیہ کی یاد میں مولانا محمد ارشاد الحق اور مولانا محمد عبداللہ سعد کی سرپرستی میں زاویہ علم وتحقیق جامعہ خیر العلوم خیر پور ٹامے والی ضلع بھاول پور سے شائع کیا گیا ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ تحقیقاتِ حدیث کے مطالعے سے انسان بہت کچھ سیکھتا ہے اور اس کی معلومات میں گراں قدر اضافہ ہوتا ہے۔ (فرائیڈے اسپیشل، کراچی: ۵فروری ۲۰۱۰ء)

## ششماہی نقطۂ نظر۔ اسلام آباد

مجلّہ ''السیرۃ العالمی'' کے مدیر سید عزیز الرحمٰن اور زاویہ علم وتحقیق (جامعہ خیر العلوم۔ خیر پور ٹامے والی) کے رفقا نے ششماہی ''تحقیقاتِ حدیث'' کے اجرا سے اردو کے اختصاصی جرائد میں ایک اور قابل قدر اضافہ کیا ہے، اس مجلّے میں وہ حدیث اور علوم حدیث سے متعلق مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مضامین پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، نیز ماضی کے سرمایہ علم وتحقیق اور حالیہ کاوشوں کے بارے میں اطلاعات کی فراہمی کے ساتھ ان کا علمی جائزہ وتجزیہ بھی ان کے پیش نظر ہے۔

''تحقیقاتِ حدیث'' کے اولیں شمارے کی بعض تحریریں بہ طور قند مکرر شایع کی گئی ہے، مگر حسنِ انتخاب خوب ہے، اور جو کتابیاتی جائزے شامل اشاعت ہیں، سب ہی محنت سے مرتب کیے گئے ہیں۔ امید ہے کہ مجلّہ علوم حدیث کے اساتذہ اور طلبہ وطالبات میں یکساں مقبولیت حاصل کرے گا۔ (ششماہی نقطۂ نظر، اسلام آباد۔ مدیر: ڈاکٹر سفیر اختر۔ شمارہ ۲۷)

© rasailojaraid.com